© rasailojaraid.com

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ڈھائی گھنٹوں پر محیط تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ اسکے علاوہ مختلف اساتذہ' طلباء اور مدرسے کے اسٹاف سے انٹرویوز ریکارڈ کئے۔ یہ پروگرام گزشتہ ہفتے پورے عالم عرب میں دکھایا گیا۔ اور لوگوں پر دینی مدارس کی اہمیت واضح ہوئی۔

**جرمن صحافیوں کی دارالعلوم آمد :-** گزشتہ دنوں جرمنی کے مشہور اخبار کے نمائندے دارالعلوم تشریف لائے۔ اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے دینی مدارس کے کردار' پاکستان میں اسلامی انقلاب اور تحریک طالبان اور دیگر عالمی امور پر تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبے دیکھے اور طلباء کے انٹرویوز ریکارڈ کئے۔

**ڈنمارک کے صحافیوں کی دارالعلوم آمد :-** اسی طرح ڈنمارک کے اخبار انفارمیشن (Informa-tion) کی چیف رپورٹر لول ریبکا نے بھی دارالعلوم کا وزٹ کیا اور مولانا مدظلہ سے تبادلہ خیال کیا۔ آپکے ہمراہ انگریزی کے اخبار "نیشن" کے صحافی جناب شمیم صاحب بھی تشریف لائے تھے۔

**نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی مصروفیات :-** حضرت مولانا مدظلہ نے 18 اپریل کو وفاقی سیکرٹری داخلہ جناب حسن پاشا کی زیر صدارت اسلام آباد میں ملک کے اہم دینی مدارس وجامعات کے منتظمین ومہتممین کے اہم اجلاس میں شرکت فرمائی۔ 3 مئی کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اہم دہنگامی عاملہ کے اجلاس میں ملتان کے لئے تشریف لے گئے۔ اور اجلاس میں بعض اہم امور پر طویل غوروخوض ہوا اور اہم فیصلے کئے گئے۔ 11 مئی کو وفاقی وزیر داخلہ جناب جنرل (ر) معین الدین حیدر کی زیر صدارت اسلام آباد میں ملک میں دینی مدارس پر مشتمل پانچ وفاقھائے مدارس کے منتظمین کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت فرمائی اور دینی مدارس کے بارے میں جاری منفی پروپیگنڈے کا مدلل انداز میں دفاع کیا۔ اجلاس کے آخر میں وزیر داخلہ نے علی الااعلان تسلیم کیا کہ 99.9 % مدارس دہشت گردی وفرقہ واریت میں ملوث نہیں۔ وفاق کے شرکاء نے حکومت کو چیلنج کیا کہ اگر اس جرم کے مرتکب مدارس کی فہرست حکومت کے پاس ہے تو ہمیں مہیا کی جائے تاکہ مختلف وفاق ان کی سرکوبی کرسکیں۔ مگر حکومت آج تک ایسے کسی ایک بھی مدرسے کی نشاندہی نہ کرسکی۔ یہ صرف اور صرف بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈہ ہے۔

© rasailojaraid.com